اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-II)	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2016ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے دُرست جواب منتخب کیجیے:

1-1 مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا:

(a) 1906ء ✓ (b) 1930ء
(c) 1940ء (d) 1947ء

-2 مزاج دار بہو سے مراد کہانی کا کون سا کردار ہے؟

(a) زلفن (b) اکبری ✓
(c) حاجن (d) اصغری

-3 ہوائی کے دارالحکومت کا کیا نام ہے؟

(a) ٹوکیو (b) شنگھائی
(c) کلکتہ (d) ہونولولو ✓

-4 مولانا ظفر علی خاں نے کون سا اخبار نکالا؟

(a) زمیندار ✓ (b) جنگ
(c) سردار (d) امروز

-5 سبق "مولوی نذیر احمد دہلوی" کے مصنف کا نام ہے:

(a) ابن انشا (b) مشتاق یوسفی
(c) شاہد احمد ✓ (d) فرحت اللہ

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب منتخب کیجیے:

-6 اس کے ہوش وحواس۔۔۔۔:

(a) جاتے رہے ✓ (b) جاتی رہی
(c) جاتی رہیں (d) جاتی ہیں

7- جناب تشریف۔۔۔۔:

(a) لایا (b) لاؤ

(c) لائیں ✓ (d) لے آؤ

8- قلم دوات میز پر۔۔۔۔:

(a) ہیں (b) ہو

(c) ہے ✓ (d) پڑی ہیں

9- گھر عورت کی سلطنت۔۔۔۔:

(a) ہوتی ہے (b) ہوتی ہیں

(c) ہوتے ہیں (d) ہوتا ہے ✓

10- چونکہ وہ بیمار ہے۔۔۔۔آج نہیں آیا:

(a) اس لیے ✓ (b) چنانچہ

(c) لیکن (d) پھر بھی

رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے دُرست جواب منتخب کیجیے:

11- عبارت میں سب سے کم ٹھہراؤ کو کہتے ہیں:

(a) وقفہ (b) سکتہ ✓

(c) ختمہ (d) ندائیہ

12- وقفہ میں کس سے زیادہ دیر کے لیے رکنا پڑتا ہے؟

(a) سکتہ ✓ (b) رابطہ

(c) ختمہ (d) تفصیلیہ

13- (!) یہ علامت ہے:

(a) سوالیہ (b) وقفہ

(c) رابطہ (d) ندائیہ ✓

14- قوسین کی علامت ہے:

(a) ! (b) ( ) ✓

(c) : (d) –

15- سچ ہے۔۔۔لالچ بری بلا ہے:

(a) : ✓
(b) !
(c) ؛
(d) ‘

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِنظر رکھتے ہوئے دُرست جواب منتخب کیجیے:

16- کرنا:

(a) تم میرا یہ کام کرنا
(b) تم کمال کرتے ہو
(c) وہ یہاں آیا کرتا تھا ✓
(d) تم کیا کر رہے ہو

17- ڈالنا:

(a) اس نے کوڑا باسکٹ میں ڈالا
(b) اس نے سانپ کو مار ڈالا ✓
(c) اس نے برتن میں پانی ڈالا
(d) گلاس میں پانی ڈال دو

18- رہنا:

(a) وہ میرے پڑوس میں رہتا ہے
(b) وہ اس گھر میں رہتے ہیں
(c) اس کی بینائی جاتی رہی ✓
(d) میرا یہاں رہنا مشکل ہے

19- سکنا:

(a) اگر محنت کرو تو پاس ہو سکتے ہو ✓
(b) مریض سکتے میں ہے
(c) وقفہ اور سکتہ علامات ہیں
(d) تم نے اپنا سکنہ نہیں بتایا

20- آنا:

(a) یہاں آؤ
(b) اسلم صبح سویرے آیا
(c) اسے سکول چھوڑ آؤ ✓
(d) تمھیں میرے گھر آنا ہے